| | |
|---|---|
| Healthcare Improvement Scotland<br>DCRS | Healthcare Improvement Scotland<br>DCRS |
| | |
| A Guide to Death Certification Review in Scotland | سکاٹ لینڈ میں موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کے متعلق رہنمائی |
| What this leaflet is about | یہ لیفلیٹ کس کے بارے میں ہے |
| This leaflet explains: | یہ لیفلیٹ مندرجہ ذیل کی وضاحت کرتا ہے: |
| • the role of the Death Certification Review Service (DCRS), which is part of Healthcare Improvement Scotland | • Death Certification Review Service (DCRS) (موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کی سروس) کا کام جو Healthcare Improvement Scotland (ہیلتھ کیئر امپرووومنٹ سکاٹ لینڈ) کا حصہ ہے |
| • the levels of review that may be carried out | • جو جائزے لیے جا سکتے ہیں اُن کی سطحیں (لیولز) |
| • how a review may affect funeral arrangements, and | • جائزہ جنازے کے انتظامات کو کیسے متاثر کر سکتا ہے، اور |
| • how an advance registration can be requested in special circumstances | • خصوصی حالات میں ایڈوانسڈ رجسٹریشن کی کیسے درخواست دی جا سکتی ہے |
| Background | پس منظر |
| When someone dies, a doctor in attendance will, if possible, give a cause of death and complete a form called a Medical Certificate of Cause of Death (MCCD). This is also known as Form 11. The person's family or friend has to then inform the local council about the death. This is called registering the death. | جب کوئی شخص فوت ہوتا ہے تو اگر ممکن ہو تو کوئی ڈاکٹر جو موجود ہو وہ موت کی وجہ بتائے گا اور ایک فارم مکمل کرے گا جسے Medical Certificate of Cause of Death (MCCD) (موت کی وجہ کا طبی سرٹیفکیٹ) کہتے ہیں۔ یہ فارم 11 کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ پھر اُس شخص کے خاندان یا دوست کو لوکل کونسل کو موت کی اطلاع دینی ہوتی ہے۔ اسے موت کو رجسٹر کروانا کہتے ہیں۔ |
| If you are registering a death, you need to take the MCCD to a council registrar. A death cannot be registered without the MCCD. A death may be registered in any registration office in Scotland. You have 8 days from the date of death to do this. You usually need an appointment to register a death so you should contact | اگر آپ کسی کی موت کو رجسٹر کروا رہے ہیں تو آپ کو MCCD کو کونسل رجسٹرار کے پاس لے کر جانے کی ضرورت ہے۔ MCCD کے بغیر موت کو رجسٹر نہیں کیا جا سکتا۔ کسی کی موت کو سکاٹ لینڈ کے کسی بھی رجسٹریشن آفس میں رجسٹر کروایا جا سکتا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے موت کی تاریخ کے بعد آپ کے پاس 8 دن ہوتے ہیں۔ کسی کی موت کو رجسٹر کروانے کے لیےعام طور پر آپ کو ایک اپوائنٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے چنانچہ جتنی جلد ممکن ہو سکے آپ کو اپنے مقامی رجسٹریشن دفتر کے ساتھ رابطہ کرنا |

| | |
|---|---|
| your local registration office as soon as possible. Once registration is complete, you will be given a Certificate of Registration of Death (Form 14). You need this form before a burial or cremation can go ahead. | چاہیے۔ جب رجسٹریشن مکمل ہو جائے تو آپ کو ایک Certificate of Registration of Death (موت کی رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ) (فارم 14) دیا جائے گا۔ اس سے پہلے کہ دفن کرنے یا آگ میں جلانے کا انتظام کیا جا سکے آپ کو اس فارم کی ضرورت ہوتی ہے۔ |
| A Guide to Death Certification Review in Scotland | سکاٹ لینڈ میں موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کے متعلق رہنمائی |
| The Death Certification Review Service | The Death Certification Review Service |
| About one in seven MCCDs are randomly selected for review by DCRS. These reviews are designed to check the quality and accuracy of MCCDs and to improve how information about the cause of death is recorded. There are two types of review, Level 1 and Level 2. We aim to complete Level 1 reviews within 24 hours. Level 2 reviews may take up to 3 days to complete. | DCRS بغیر کسی ترتیب کے سات MCCDs میں سے تقریباً ایک سرٹیفکیٹ کو جائزے کے لیے منتخب کرتی ہے۔ یہ جائزے MCCD کے معیار اور درستگی کی جانچ کرنے کے لیے اورموت کی وجہ کو جس طرح ریکارڈ کیا جاتا ہے اُسے بہتر بنانے کے لیے لیے جاتے ہیں۔ جائزے دو قسم کے ہوتے ہیں، لیول1 اور لیول2 ۔ ہم لیول 1 جائزوں کو 24 گھنٹے کے اندراندر مکمل کرنے کا ہدف رکھتے ہیں۔ لیول 2 جائزوں کو مکمل کرنے میں 3 دن تک لگ سکتے ہیں۔ |
| Reviews are carried out by a team of medical reviewers who are all experienced doctors. There are three possible outcomes of the review: | یہ جائزے طبی جائزہ لینے والے افراد کی ایک ٹیم لیتی ہے جو تمام تجربہ کار ڈاکٹر ہوتے ہیں۔ جائزے کے عام طور پر تین ممکنہ نتائج ہوتے ہیں: |
| • No changes required | • کوئی تبدیلیوں کی ضرورت نہیں |
| • An email amendment is required | • ایک ای میل کے ذریعے تبدیلی کی ضرورت ہے |
| • A replacement MCCD is required | • ایک متبادل MCCD کی ضرورت ہے |
| If the MCCD is changed after the review, the registrar will let you know what these changes are. | اگر جائزے کے بعد MCCD میں تبدیلی کی جاتی ہے تو رجسٹرار آپ کو بتا دے گا کہ یہ تبدیلیاں کیا ہیں۔ |
| | |
| Level 1/Level 2 | لیول 1/ لیول 2 |
| *[From top of flowchart going clockwise]*<br>MCCD selected for review | [فلوچارٹ کے اوپر سے گھڑی کی سوئیوں کی سمت (کلاک وائز) جائیں]<br>*MCCD* کو جائزے کے لیے منتخب کیا گیا |
| Level 2 review | لیول 2 کا جائزہ |
| Usually complete within 3 working days | عام طورپر 3 ایام کار کے اندر اندر مکمل ہو جاتا ہے |
| DCRS advises Registrar of the | DCRS رجسٹرار کو جائزے کے نتیجے کے بارے |

| | |
|---|---|
| outcome of review | میں بتاتی ہے |
| Registrar completed registration and issues Form 14 | رجسٹرار رجسٹریشن مکمل کرتا ہے اور فارم 14 جاری کرتا ہے۔ |
| Funeral plans can be finalised | جنازے کے منصوبوں کو حتمی شکل دی جا سکتی ہے |
| Registrar informs the family of the outcome of the review | رجسٹرار خاندان کو جائزے کے نتیجے سے آگاہ کرتا ہے |
| Usually complete within 1 working day | عام طور پر 1 یوم کار میں مکمل ہو جاتا ہے |
| Level 1 review | لیول 1 کا جائزہ |
| A Guide to Death Certification Review in Scotland | سکاٹ لینڈ میں موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کے متعلق رہنمائی |
| Investigation of a death by the Procurator Fiscal | پروکیوریٹر فسکل (سرکاری وکیل) کی طرف سے کسی موت کی تحقیقات |
| Deaths that are reported to the Procurator Fiscal are not reviewed by DCRS. | جن اموات کی پروکیوریٹر فسکل کو اطلاع دی جاتی ہے DCRS اُن کا جائزہ نہیں لیتا۔ |
| More information on how the Procurator Fiscal is involved in the investigation of deaths can be found at: www.healthcareimprovementscotland.scot/inspections-reviews-and-regulation/death-certification-review-service-dcrs/ | پروکیوریٹرفسکل اموات کی تحقیقات میں کس طرح شامل ہوتا ہے کے بارے میں مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: www.healthcareimprovementscotland.scot/inspections-reviews-and-regulation/death-certification-review-service-dcrs/ |
| How this may affect you | جائزہ آپ کو کیسے متاثرکر سکتا ہے |
| If the death you are registering is selected for review, you might not be able to register the death right away. The registrar will tell you about the review and how long this may take. The registrar will let you know when the review is complete. You can start making funeral arrangements while the review is happening. However, the funeral cannot take place until the review is finished and you have been given a Certificate of Registration of Death (Form 14). You can collect the Form 14 from the registrar or have it sent to you or to the person arranging | آپ جس موت کی رجسٹریشن کروا رہے ہیں اگر اُسے جائزے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ آپ فوراً اُس موت کو رجسٹر نہ کروا سکیں۔ رجسٹرار آپ کو جائزے کے متعلق اور اس پر کتنا وقت لگ سکتا ہے کے بارے میں بتائے گا۔ جب جائزہ مکمل ہو جائے گا تو رجسٹرار آپ کو آگاہ کر دے گا۔ جس دوران جائزہ لیا جا رہا ہے آپ جنازے کے انتظامات کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ تاہم، جنازہ اُس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ جائزے کو ختم نہیں کر لیا جاتا اور آپ کو Certificate of Registration of Death (فارم 14) نہیں دے دیا جاتا۔ آپ فارم 14 رجسٹرار کے پاس جا کر لے سکتے ہیں یا یہ انتظام کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کو یا جنازے کا انتظام کرنے والے شخص کو بھیج دیا جائے۔ رجسٹرار کے دفتر میں موجود دستخط پیڈز استعمال کیے جا سکتے ہیں، چنانچہ اطلاع دہندگان کو فارم 14 لینے کے لیے ذاتی پر دوبارہ حاضر ہونے کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ کو |

| | |
|---|---|
| the funeral. Signature pads in registrars' offices may be used so informants do not need to re-attend to collect the Form 14 in person. If you need the funeral to go ahead quickly, you can apply for advance registration. | جنازہ جلد کروانے کی ضرورت ہے تو آپ ایڈوانسڈ رجسٹریشن کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ |
| Advance Registration | ایڈوانسڈ رجسٹریشن (پیشگی جسٹریشن) |
| Advance registration allows the funeral to be carried out before the review of the MCCD is complete. Applications for advance registration will be considered in special circumstances such as: | ایڈوانسڈ رجسٹریشن MCCD کا جائزہ مکمل ہونے سے پہلے جنازہ کروانے کی اجازت دیتی ہے۔ ایڈوانسڈ رجسٹریشن کے لیے درخواستوں پرخصوصی حالات میں غور کیا جائے گا جیسا کہ : |
| • religious or cultural reasons (such as faith requirements to bury a person's body quickly) | • مذہبی یا ثقافتی وجوہات (جیسا کہ کسی شخص کے جسم کو جلد دفن کرنے کی مذہبی ضروریات) |
| • compassionate reasons (where delays would cause significant and unnecessary distress), or | • ہمدردانہ وجوہات (جہاں تاخیر سے کافی زیادہ اور غیرضروری پریشانی ہو گی)، یا |
| • practical or administrative reasons (for example, family have travelled from abroad to attend the funeral). | • عملی یا انتظامی وجوہات (مثلاً، خاندان والے جنازے میں شرکت کے لیے بیرون ملک سے سفر کر کے آئے ہیں)۔ |
| The registrar will help you apply for an advance registration at the time you go to register the death. The medical reviewer will assess your request for advance registration, along with the content of the MCCD. DCRS will usually be able to confirm within two hours if your application has been approved. We recommend that registrars call DCRS before making an advance registration request in case the review is already nearing completion. | جس وقت آپ موت کو رجسٹر کروانے کے لیے جاتے ہیں اُس وقت رجسٹرار آپ کو ایڈوانسڈ رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے میں مدد دے گا۔ طبی جائزہ لینے والا MCCD کے مندرجات کے ساتھ ایڈوانسڈ رجسٹریشن کے لیے آپ کی درخواست کی جانچ کرے گا۔ DCRS عام طور پر دو گھنٹے کے اندر اندر یہ تصدیق کرنے کے قابل ہو گی کہ کیا آپ کی درخواست منظور ہو گئی ہے۔ ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ رجسٹرار ایڈوانسڈ رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے سے پہلے DCRS کو ٹیلیفون کر لیں کہ ایسا نہ ہو کہ جائزہ پہلے ہی تکمیل کے قریب پہنچ رہا ہو۔ |
| Reasons that an advance registration may be turned down can include the following. | وہ وجوہات جن کی بنا پر ایڈوانسڈ رجسٹریشن کو نامنظور کیا جا سکتا ہے اُن میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتی ہیں۔ |
| • The review is very nearly complete and will not be speeded up by an advance | • جائزہ تکمیل کے بہت قریب ہے اور ایڈوانسڈ رجسٹریشن سے اُس میں تیزی نہیں آئے گی۔ |

| | |
|---|---|
| registration. | |
| • The death needs to be reported to the Procurator Fiscal. | • موت کی پروکیوریٹر فسکل کو اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ |
| • The MCCD needs substantial corrections and will need to be changed. | • MCCD میں کافی زیادہ درستگیوں کی ضرورت ہے اور اسے تبدیل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ |
| A Guide to Death Certification Review in Scotland | سکاٹ لینڈ میں موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کے متعلق رہنمائی |
| When an advance registration is approved, the review of the MCCD is still carried out by the medical reviewer.<br>Sometimes this results in the extract from the register of deaths (commonly referred to as the death certificate) being changed to be more accurate. If this happens, the registrar will let you know that the original document has been recalled and the new one needs to be collected. | جب ایڈوانسڈ رجسٹریشن کی منظوری دے دی جاتی ہے تو طبی جائزہ لینے والا پھر بھی MCCD کا جائزہ لیتا ہے۔<br>بعض اوقات اس کے نتیجے میں اموات کے رجسٹر میں سے اقتباس (جسے عام طور پر موت کا سرٹیفکیٹ کہا جاتا ہے) کو زیادہ درست بنانے کے لیے تبدیل کیا جاتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو رجسٹرار آپ کو بتا دے گا کہ پہلی دستاویز کو واپس طلب کر لیا گیا ہے اور آ کر نئی دستاویز کو لینے کی ضرورت ہے۔ |
| For more information about DCRS visit our website or contact us: | DCRS کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا ہم سے رابطہ کریں: |
| www.healthcareimprovementscotland.scot/inspections-reviews-and-regulation/death-certification-review-service-dcrs/ | www.healthcareimprovementscotland.scot/inspections-reviews-and-regulation/death-certification-review-service-dcrs/ |
| email: his.dcrs@nhs.scot | ای میل: his.dcrs@nhs.scot |
| Telephone: 0300 123 1898 | ٹیلیفون: 0300 123 1898 |
| Death Certification Review Service<br>Healthcare Improvement Scotland<br>Delta House<br>West Nile Street<br>Glasgow<br>G1 2NP | Death Certification Review Service<br>Healthcare Improvement Scotland<br>Delta House<br>West Nile Street<br>Glasgow<br>G1 2NP |
| A Guide to Death Certification Review in Scotland | سکاٹ لینڈ میں موت کے سرٹیفکیٹ کے جائزے کے متعلق رہنمائی |